QUETTA: In a historic step for healthcare in the province, Balochistan is set to launch its first-ever public air ambulance service, aimed at providing emergency medical assistance to citizens across remote and underserved areas.

Chief Minister Mir Sarfraz Bugti announced that the "Peoples Air Ambulance" is ready for service and will soon begin operations. Sharing images of the aircraft on social media, he described the initiative as the fulfillment of another promise made to the people of Balochistan.

Sarfraz Bugti explained that the air ambulance will enable the rapid transfer of critically ill and injured patients to major hospitals in larger cities, saving precious lives. He emphasized that the service will be particularly transformative for residents of far-flung and underdeveloped regions, where timely access to healthcare has long been a challenge.

"This facility will revolutionize emergency response in cases of accidents, natural disasters, or any urgent medical situation," Bugti said, adding that the project reflects the government's commitment to modernizing healthcare and ensuring quality services for every citizen.

He further noted that the initiative is part of the vision of Pakistan People's Party Chairman Bilawal Bhutto Zardari, whose dream of improved healthcare access is being realized through the provincial government's efforts.The Peoples Air Ambulance would significantly strengthen Balochistan's emergency medical infrastructure, offering swift response and bridging healthcare gaps across the province.

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No. 1

Dated: 01 MAY 2026

Page No. 13


# حکومت صحت و تعلیم کے شعبوں میں بہتری کیلئے کوشاں ہے، راحیلہ درانی

## میر عبید گورگیج کی کاوشوں سے شہید بینظیر بھٹو ہسپتال غوث آباد فعال، عوام کی خدمت کیلئے پرعزم ہیں، مقررین

کوئٹہ (پ ر) رکن بلوچستان اسمبلی حلقہ پی بی 44 اور پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما میر عبید اللہ گورگیج کی مسلسل کاوشوں اور عوامی مسائل کے حل کیلئے سنجیدہ اقدامات کے نتیجے میں شہید بینظیر بھٹو ہسپتال غوث آباد باقاعدہ طور پر فعال ہوگیا ہے، جس سے علاقے کے عوام کو صحت کی بنیادی اور جدید سہولیات ان کی دہلیز پر میسر آئیں گی۔ گزشتہ کچھ عرصے سے اس منصوبے کے حوالے سے پھیلائی جانے والی افواہیں اور بے بنیاد الزامات آخرکار دم توڑ گئے، اور عملی اقدامات نے ثابت کردیا کہ میر عبید گورگیج نے ہمیشہ عوامی مفاد کو ترجیح دی ہے۔ ہسپتال کے فعال ہونے سے نہ صرف غوث آباد بلکہ ملحقہ علاقوں کے ہزاروں افراد مستفید ہوں گے، جو پہلے علاج کی سہولیات کے فقدان کے باعث مشکلات کا شکار تھے۔ تقریب افتتاح کے موقع پر صوبائی وزیر تعلیم محترمہ راحیلہ حمید درانی نے باقاعدہ طور پر ہسپتال کا افتتاح کیا۔ اس موقع پر انہوں نے کہا کہ موجودہ صوبائی حکومت عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی کیلئے سنجیدہ اقدامات کر رہی ہے اور صحت و تعلیم کے شعبوں میں بہتری اولین ترجیح ہے۔ تقریب میں میر عبید گورگیج کے نمائندوں میر ابرار جعفر، میر ثناءاللہ جنگ، میر شیر احمد بنگلزئی اور طارق سرپرہ نے بھی شرکت کی اور اس اہم پیش رفت پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ یہ منصوبہ علاقے کی دیرینہ ضرورت تھی، جس کی تکمیل سے عوام کو ریلیف ملا ہے۔ انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ حلقہ پی بی 44 میں مزید ترقیاتی منصوبے بھی جلد پایہ تکمیل تک پہنچائے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ میر عبید گورگیج کی قیادت میں علاقے کی ترقی اور عوامی فلاح کیلئے اقدامات کا سلسلہ جاری رہے گا اور کسی بھی قسم کی منفی سیاست یا پروپیگنڈے کو خاطر میں نہیں لایا جائے گا۔ حکومت اور منتخب نمائندے عوام کی خدمت کیلئے پرعزم ہیں اور آنے والے وقت میں مزید خوشخبریاں دی جائیں گی۔

# بھرتیوں کے عمل میں میرٹ کو مقدم رکھا جائیگا، عسکر خان

## ڈی جی پی آر کی زیر صدارت اجلاس میں کمیٹی اراکین شریک، اہم امور کا جائزہ

کوئٹہ (خ ن) ڈائریکٹر جنرل پبلک ریلیشنز بلوچستان و چیئرمین ریکروٹمنٹ کمیٹی عسکر خان کی صدارت میں محکمہ تعلقات عامہ بلوچستان میں بھرتیوں کے حوالے سے ایک اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں بھرتی کے عمل اور مختلف انتظامی امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں کمیٹی کے اراکین ایڈیشنل سیکرٹری محکمہ اطلاعات اسد مگسی، ڈپٹی سیکرٹری ایس اینڈ جی اے ڈی بابر ڈائریکٹر تعلقات عامہ سعید شاہوانی اور ڈپٹی ڈائریکٹر ایڈمن محکمہ تعلقات عامہ نجیب اللہ لانگو نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران بھرتیوں کے عمل کو شفاف، منصفانہ اور میرٹ کی بنیاد پر یقینی بنانے کے لیے مختلف امور پر تفصیلی غور و خوض کیا گیا۔ شرکاء نے اس بات پر اتفاق کیا کہ تمام مراحل کو مکمل شفافیت اور قواعد و ضوابط کے مطابق پایہ تکمیل تک پہنچایا جائے گا تاکہ اہل اور قابل امیدواروں کو ان کا حق مل سکے۔ اس موقع پر ڈائریکٹر جنرل پبلک ریلیشنز بلوچستان و چیرمین ریکروٹمنٹ کمیٹی عسکر خان نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ محکمہ تعلقات عامہ میں بھرتیوں کے عمل کے دوران میرٹ، شفافیت اور انصاف کے اصولوں کو ہر صورت مقدم رکھا جائے گا۔ حکومت بلوچستان کی ہدایات کے مطابق تمام تقرریاں خالصتاً اہلیت اور قابلیت کی بنیاد پر کی جائیں گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ محکمہ تعلقات عامہ بلوچستان ایک اہم ادارہ ہے اور اس میں بہترین پیشہ ورانہ صلاحیتوں کے حامل افراد کی شمولیت سے ادارے کی کارکردگی مزید مؤثر اور مضبوط ہوگی۔ اجلاس میں اس عزم کا اعادہ کیا گیا کہ بھرتیوں کے تمام مراحل کو غیر جانبدارانہ انداز میں مکمل کیا جائے گا تاکہ عوام کا اعتماد مزید مستحکم ہو۔

# حکومت بلوچستان اور نیب کا کرپشن کے خاتمے کیلئے اہم اقدام

## پی اے سی اے اور اینٹی کرپشن اسٹیبلشمنٹ کے مابین مفاہمتی یادداشت پر دستخط

اسلام آباد (آن لائن) حکومت بلوچستان اور چیئرمین نیب کا اہم اقدام بدعنوانی کے انسداد اور ادارہ جاتی ہم آہنگی کے فروغ کے لیے ایک اہم پیش رفت کے طور پر پاکستان اینٹی کرپشن اکیڈمی (PACA) اور اینٹی کرپشن اسٹیبلشمنٹ بلوچستان کے مابین مفاہمتی یادداشت (MoU) پر دستخط کیے گئے۔ یہ معاہدہ قومی سطح پر اینٹی کرپشن نظام کو مزید مؤثر، مربوط اور جدید تقاضوں سے ہم آہنگ بنانے کی جانب ایک کلیدی سنگ میل تصور کیا جا رہا ہے۔ مفاہمتی یادداشت پر ڈائریکٹر جنرل PACA جناب غلام صفدر شاہ اور ڈائریکٹر جنرل اینٹی کرپشن اسٹیبلشمنٹ بلوچستان جناب نصیب اللہ کاکڑ نے دستخط کیے۔ معاہدے کے تحت دونوں ادارے پیشہ ورانہ تربیت، جدید تحقیقاتی (باقی صفحہ 5 نمبر 50)

مہارتوں، فرانزک تجزیہ اور مالیاتی جرائم کی مؤثر تحقیقات کے لیے باہمی تعاون کو فروغ دیں گے۔ اس اشتراک سے افسران کی استعداد کار میں نمایاں بہتری متوقع ہے، جس سے بدعنوانی کے خلاف کارروائیوں کو مزید مضبوط بنیادیں فراہم ہوں گی۔

# اے سی کچلاک نے 5 غیر قانونی ٹیوب ویل سیل، 5 افراد کو گرفتار کرلیا

کوئٹہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ کے احکامات پر اسسٹنٹ کمشنر (کچلاک) کیپٹن (ر) کبیر حزاری نے سب ڈویژن کچلاک میں غیر قانونی ٹیوب ویلوں کے خلاف کارروائیاں کیں۔ ان کارروائی کے دوران 5 غیر قانونی ٹیوب ویل سیل کردیے گئے جبکہ 5 افراد کو گرفتار کرکے جیل منتقل کردیا گیا۔ اس کے علاوہ اسسٹنٹ کمشنر نے رجسٹرڈ پیٹرول پمپس کا بھی دورہ کیا اور وہاں گیج، قیمتوں اور معیار کا تفصیلی معائنہ کیا۔ اس موقع پر ضلعی انتظامیہ نے غیر قانونی سرگرمیوں کے خلاف سخت کارروائی جاری رکھنے کا عزم ظاہر کیا ہے اور عوام سے اپیل کی ہے کہ وہ ایسی سرگرمیوں کی نشاندہی کریں۔

INTEKHAB QUETTA

# ایران تک سامان کی ترسیل: وزارت تجارت کا نئی ٹرانزٹ راہداریوں کا تعین، گوادر کی اہمیت میں مزید اضافہ

## گوادر کی گہرے پانیوں پر مشتمل اور برف سے پاک بندرگاہ کنٹینرز، بلک کارگو اور جدید گودام کی سہولیات فراہم کرنے کی صلاحیت رکھتی ہے

گوادر (این این آئی) پاکستان کی جانب سے اپنے زمینی و بندرگاہی راستوں کے ذریعے ایران تک سامان کی ترسیل کی منظوری کے بعد گوادر کی حیثیت اہم علاقائی تجارتی مرکز کے طور پر مزید مستحکم ہوگئی۔ وزارت تجارت کی جانب سے جاری کردہ نوٹیفکیشن ٹرانزٹ آف گڈز تھرو پاکستان آرڈر 2026، فوری طور پر نافذ العمل ہو گیا ہے، جس کے تحت نئی ٹرانزٹ راہداریوں کا تعین کیا گیا ہے۔ ان میں گوادر، کراچی اور تفتان کو ٹرانزٹ کارگو کی نقل و حرکت کے لیے مرکزی مقامات قرار دیا گیا ہے۔ گوادر پرو کے مطابق ایران سے متصل گوادر اپنی اسٹریٹجک جغرافیائی حیثیت کے باعث مضبوط زمینی روابط رکھتا ہے۔ بقیہ نمبر 60 صفحہ 5 پر

چائنا اوورسیز پورٹس ہولڈنگ کمپنی کے مطابق گوادر کی گہرے پانیوں پر مشتمل اور برف سے پاک بندرگاہ کنٹینرز، بلک کارگو اور جدید گودام کی سہولیات فراہم کرنے کی صلاحیت رکھتی ہے، جبکہ بحری خدمات بھی دستیاب ہیں۔ مزید بتایا گیا ہے کہ گوادر فری زون صنعتی پیداوار کے ساتھ ساتھ زراعت، لائیو اسٹاک، جنگلات اور ماہی گیری سے متعلق صنعتوں کو بھی فروغ دے رہا ہے، جس سے خطے میں معاشی سرگرمیوں میں اضافہ متوقع ہے۔ کمپنی کے بیان میں کہا گیا ہے کہ موجودہ عالمی معاشی حالات میں بین الاقوامی اقتصادی روابط کو چیلنجز کا سامنا ہے، تاہم ادارہ اپنے شراکت داروں کو بہتر پیشہ ورانہ سہولیات فراہم کرنے کیلئے پرعزم ہے۔ بیان میں کاروباری برادری اور سرمایہ کاروں کو دعوت دی گئی ہے کہ وہ گوادر بندرگاہ کی سہولیات سے فائدہ اٹھاتے ہوئے باہمی مفاد پر مبنی تعاون کو فروغ دیں اور علاقائی اقتصادی ترقی میں فعال کردار ادا کریں۔

# ملک بھر میں گیس بحران بڑھنے لگا، گھریلو کنکشنز پر پھر پابندی عائد

## پہلے سے دی گئی درخواستوں اور ارجنٹ واؤچر و ڈیمانڈ نوٹس جمع کروانے والوں کے کنکشن کا عمل بھی روک دیا گیا ہے، ذرائع

## عارضی طور پر نئے کنکشن روکے گئے ہیں' آر ایل این جی سپلائی بہتر ہوتے ہی کنکشنز لگانے کا عمل فوری شروع کردیا جائے گا' سینئر جنرل منیجر سوئی ناردرن

لاہور (این این آئی) ملک بھر میں گیس بحران بڑھنے لگا جبکہ آر ایل این جی سپلائی متاثر ہونے سے نئے گھریلو گیس کنکشنز روک دیے گئے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ پہلے سے دی گئی درخواستوں پر عملدرآمد ملتوی کردیا گیا جبکہ ارجنٹ واؤچر اور ڈیمانڈ نوٹس جمع کروانے والوں کے کنکشن کا عمل بھی روک دیا گیا ہے، یہ پابندی عائد ہونے سے ہزاروں نئے کنکشنز التواء کا شکار ہوگئے ہیں۔ یاد رہے کہ کئی سال کی پابندی کے بعد چند ماہ قبل ہی نئے کنکشنز دینے کا عمل شروع کیا گیا تھا جبکہ گیس بحران پیدا ہونے سے قبل سینکڑوں نئے کنکشنز لگائے جا چکے ہیں۔ حکام کے مطابق گیس کی کمی کے باعث ملک بھر میں پہلے ہی گیس صارفین کو محدود وقت کے لیے گیس دی جا رہی ہے۔ سینئر جنرل منیجر سوئی ناردرن عمران یوسف کا کہنا ہے کہ آر ایل این جی سپلائی رکنے سے عارضی طور پر نئے بقیہ نمبر 7 صفحہ 5 پر

کنکشن روکے گئے ہیں تاہم گیس سپلائی بہتر ہوتے ہی کنکشنز لگانے کا عمل فوری شروع کردیا جائے گا۔

CamScanner

# اوتھل: کراچی جانے والی کار سے 7 ارب 88 کروڑ ایرانی ریال برآمد

## کرنسی کار کے خفیہ خانوں میں چھپائی گئی تھی، پولیس نے ضابطے کی کارروائی مکمل کرکے رقم کسٹم حکام کے حوالے کر...

اوتھل (این این آئی) پولیس نے بین الصوبائی اسمگلروں کے خلاف گھیرا تنگ کرتے ہوئے آٹھ ارب ریال کے قریب غیر ملکی کرنسی کی اسمگلنگ کی کوشش ناکام بنا دی، کارروائی کے دوران گاڑی سے اربوں ایرانی ریال برآمد کرکے کسٹم حکام کے حوالے کردیے گئے۔ تفصیلات کے مطابق پولیس کی ٹیم نے مین آر سی ڈی روڈ پر زیرو پوائنٹ پر چیکنگ کے دوران اوتھل سے کراچی جانے والی ایک مشکوک کار کو روک کر تلاشی لی تو اس کے خفیہ ... سے سات ارب اٹھاسی کروڑ ایرانی ریال ... ہوئے۔ اتنی خطیر رقم کی غیر قانونی ... فوری طور پر کرنسی قبضے میں لے کر کارروائی ... دیا۔ اوتھل پولیس نے ابتدائی ضابطے کی ... مکمل کرنے کے بعد برآمد شدہ تمام غیر ملکی ... مزید قانونی چارہ جوئی اور تحقیقات کے ... حکام کے حوالے کردیا ہے۔ ایس ایس ... نے اس کامیاب کارروائی پر ایس ایچ او ... ان کی ٹیم کی کارکردگی کو سراہا ہے۔

# ڈیرہ مراد جمالی میں تعمیراتی کمپنی کے کیمپ پر راکٹ باری، کام بند

## مشینری کو جزوی نقصان پہنچا، ڈیرہ مراد، جھل مگسی اور چھتر میں موٹر سائیکل، نقدی اور موبائل چھین لیے گئے

ڈیرہ مراد جمالی (نامہ نگار) ڈیرہ مراد جمالی کے قریب تعمیراتی کیمپ پر مسلح افراد کا راکٹوں سے حملہ، مشینری کو جزوی نقصانات تعمیراتی کام بند کردیا گیا پولیس کے مطابق ڈیرہ مراد جمالی کے قریب میر حسن پولیس تھانہ کی حدود پٹ فیڈر بیروبل کے قریب روڈ کی تعمیراتی کیمپ پر گزشتہ شب نامعلوم مسلح افراد کی جانب سے راکٹ داغے گئے جس سے مشینری کو جزوی نقصان پہنچا جبکہ اس سے کسی قسم کے جانی نقصان نہیں ہوا واقعے کے بعد تعمیراتی کام بند کردیا گیا واقعے کی اطلاع پر مقامی پولیس موقع پر پہنچ گئی اور علاقے کی ناکہ بندی کرکے مسلح افراد کی تلاش شروع کردی گئی۔ دریں اثناء ڈیرہ مراد جمالی جھل مگسی اور چھتر میں مختلف واقعات میں نامعلوم مسلح افراد نے گن پوائنٹ پر تین موٹر سائیکلز نقدی اور موبائل فون چھین لیے۔ پولیس کے مطابق بھاگ کے قریب پیر تیار غازی روڈ پر نامعلوم مسلح افراد نے گن پوائنٹ پر مستری ذاکر حسین کھورانی سے موٹر سائیکل نقدی اور موبائل فون چھین کر فرار ہوگئے جبکہ جھل مگسی پولیس تھانے کی حدود گوٹھ اوڈھانہ مٹ کے علاقے سے نامعلوم مسلح افراد گن پوائنٹ پر فرحان علی سے موٹر سائیکل نقدی اور موبائل فون چھین کر فرار ہوگئے ڈیرہ مراد جمالی مین بازار موبائل مارکیٹ کے سامنے کھڑی تاجل بگٹی نامی شخص کی موٹر سائیکل چرالی گئی۔

# جھل مگسی: قبائلی رہنما اور ڈاکوؤں کے درمیان فائرنگ، پولیس اہلکار شہید

## قبائلی رہنما محفوظ رہے، شہید پولیس اہلکار انگل خان سرکاری اعزاز کے ساتھ سپرد خاک

گنداواہ (نامہ نگار) جھل مگسی گنداواہ نوتال روڈ پر قبائلی رہنما اور ڈاکوؤں کے درمیان فائرنگ کے تبادلے میں پولیس اہلکار شہید، ڈاکو رات کی تاریکی میں فرار ہونے میں کامیاب ہوگئے۔ تفصیلات کے مطابق پولیس تھانہ میر پور کی حدود گاؤں پٹ کالڑہ کے قریب گنداواہ نوتال روڈ پر ڈکیتی کی نیت سے کھڑے مسلح موٹر سائیکل سوار ڈاکوؤں اور ممتاز قبائلی رہنما سابق ڈسٹرکٹ زکواۃ چیرمین سردار زادہ وزیر خان لاشاری کے درمیان فائرنگ کا تبادلہ جس میں ایک پولیس اہلکار انگل خان لاشاری موقع پر ہلاک ہوگیا۔ واقعہ کی اطلاع علاقہ میں جنگل میں آگ کی طرح پھیل گئی اور بے شمار قبائل تعاقب میں نکل پڑے۔ واقعہ کے بعد ایس پی جھل مگسی رحمت اللہ پٹھان کی ہدایت پر ایس ایچ او میر پور عبدالرزاق مگسی پولیس کے ہمراہ موقع پر پہنچ گئے اور جائے وقوعہ کا جائزہ لینے کے بعد لاش کو ڈی ایچ کیو ہسپتال گنداواہ پہنچایا جہاں ضروری کارروائی کے بعد لاش ورثا کے حوالے کردی گئی، میں قبائلی رہنما اپنے قریبی ساتھیوں میر خالد لاشاری اور ترجمان شاکر عباسی کے ساتھ محفوظ رہے جبکہ ڈاکو رات کی تاریکی کا فائدہ اٹھاتے ہوئے فرار ہونے میں کامیاب ہوگئے بعد میں شام کو شہید پولیس اہلکار انگل خان کو سرکاری اعزاز کے ساتھ ان کے آبائی گاؤں آکوندانی کے مقامی قبرستان میں سپرد خاک کردیا گیا ان کے جنازہ نماز میں ایس پی جھل مگسی رحمت اللہ پٹھان، ڈی ایس پی سومر خان جمالی، سردار زادہ وزیر خان لاشاری، سردار زادہ شہباز خان لاشاری، قبائلی رہنما سید صفدر علی شاہ، ایس ایچ او عبدالخالق قیصم، ایس ایچ او پسند خان سمیت متعدد افراد نے شرکت کی۔

# نوا کلی فائرنگ سے ایک شخص ہلاک

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) نواکلی میں نامعلوم موٹر سائیکل سواروں کی فائرنگ سے ایک شخص جاں بحق ہوگیا پولیس نواکلی کے علاقے ترین شہر روڈ پر نامعلوم موٹر سائیکل سوار پیدل جانے والے شخص پر فائرنگ کرتے ہوئے فرار ہوگئے فائرنگ کے نتیجے میں وہ موقع پر ہی جاں بحق ہوگیا اطلاع ملنے پر پولیس نے موقع پر پہنچ کر لاش کو ہسپتال پہنچایا جہاں ضروری کارروائی کے بعد لاش شناخت کے لئے مردہ خانے میں رکھ دی۔

INTEKHAB QUETTA

# پنجگور، تسپ میں فائرنگ، ایک شخص جاں بحق، دوسرا اغواء

## لاش ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے، پولیس نے مقدمہ درج کرلیا

پنجگور (نامہ نگار) پنجگور کے علاقے تسپ میں نامعلوم افراد کی فائرنگ سے ایک شخص جاں بحق ایک کو اغوا کیا گیا پولیس ذرائع سے معلوم ہوا ہے کہ پنجگور کے علاقے تسپ میں مسلح افراد کی فائرنگ سے ایاز ولد حدارحم جاں بحق ہوگیا اس دوران امین اللہ ولد برکت اللہ کو نامعلوم افراد نے اغواء کرلیا پولیس نے لاش ہسپتال منتقل کردی جہاں ضروری کارروائی کے بعد ورثا کے حوالے کردی گئی، دونوں آپس میں کزن ہیں اس سلسلے میں پولیس مزید تفتیش کررہی ہے۔

# بارکھان، دو گروہوں میں تصادم، ایک شخص جاں بحق، پولیس کی بھاری نفری پہنچ گئی

بارکھان (یو این اے) بارکھان کی یونین کونسل رڑکن میں صوبہیانی برادری کے دو گروہوں کے درمیان تصادم اور فائرنگ بقیہ نمبر 59 صفحہ 5 پر

کے نتیجے میں نور احمد نامی شخص گولی لگنے سے موقع پر جاں بحق ہوگیا ہے۔ واقعے کے بعد مقتول کی لاش کو ضروری قانونی کارروائی کے لیے رکھنی ہسپتال منتقل کیا گیا، جہاں سے پوسٹ مارٹم کے بعد اسے ورثا کے حوالے کر دیا گیا ہے۔ پولیس ذرائع کے مطابق فائرنگ کی وجوہات تاحال معلوم نہیں ہو سکی ہیں، تاہم واقعے کے بعد علاقے میں کشیدگی پھیل گئی ہے۔ صورتحال پر قابو پانے کے لیے پولیس کی بھاری نفری جائے وقوعہ کی طرف روانہ کر دی گئی ہے اور معاملے کی مزید تفتیش جاری ہے۔

CamScanner

عوامی مسائل

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
(G)ENERAL OF PUBLIC
(RELA)TIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Dated: 01 MAY 2025 Page No. 18

# نواحی علاقوں میں بجلی کی لوڈشیڈنگ میں غیر معمولی اضافہ

## گھریلو صارفین پریشان ، امور خانہ داری شدید متاثر ،آن لائن تعلیمی نظام بھی متاثر

## 24 گھنٹے فراہمی یقینی بنائی جائے ،ورنہ ہزارگنجی کے عوام احتجاج کرنے پر مجبور ہوجائینگے

کوئٹہ (ایریا رپورٹر) کوئٹہ شہر و نواحی علاقوں میں بجلی لوڈشیڈنگ میں غیر معمولی اضافہ، گھریلو صارفین پریشان ، امور خانہ داری شدید متاثر ،آن لائن تعلیمی نظام بھی متاثر ، کاروباری سرگرمیاں ٹھپ حکام بالا نوٹس لیکر فوری طور پر بجلی کی 24 گھنٹے فراہمی یقینی بنائی جائے بصورت دیگر ہزارگنجی کے عوام سخت سے سخت احتجاج کرنے پر مجبور ہوجائینگے جس میں مین روڈ اسوشان کے مقام پر بند ہونا شامل ہے۔ مشرق سروے ٹیم سے بات چیت کرتے ہوئے ہزارگنجی کی حاجی محمد حسنی زہری ٹاؤن بدیچ ٹاؤن کے رہائشیوں عبدالخالق ڈاکٹر سید صدیق اللہ آغا حاجی غلام نبی حاجی تاکور مری و دیگر نے بتایا ہے کہ ہزارگنجی کے مذکورہ بالا علاقوں میں 14 گھنٹے بجلی کی لوڈشیڈنگ ہوتی ہے یہ تمام علاقے کمرشل زون میں شامل ہے، جہاں تاجروں سے بڑے پیمانے پر ٹیکس بھی لیے جاتے ہیں لیکن مناسب وقت پر بجلی فراہم نہیں کی جاتی ہے جس کی وجہ سے عوام کو مشکلات کا سامنا ہے، انہوں نے بتایا کہ ہزارگنجی دنیا کی دوسری بڑی ایشیاء کی منڈی کی حیثیت حاصل ہے جہاں پھل فروٹ، سبزیاں اور خشک میوہ جات کا کاروبار کیا جاتا ہے لیکن بد قسمتی سے ان علاقوں میں بجلی کی لوڈشیڈنگ میں غیر معمولی اضافہ ہوگیا ہے، اس حوالے علاقہ مکین نے کیسکو حکام کو بذریعہ اخبار میڈیا سماجی میڈیا آگاہ کیا ہے لیکن کوئی ملدرآمد نہیں ہوا ہے۔ ہمارا وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی ، چیف سیکرٹری بلوچستان اور دیگر اعلیٰ حکام نوٹس لیں۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

6

Daily: Zamana Quetta

Bulletin No. Dated: 01 MAY 2026 Page No. 20


# صوبوں سے نیشنل ایکشن پلان کی رپورٹس طلب

وفاقی حکومت کی جانب سے تمام صوبوں اور متعلقہ اداروں سے نیشنل ایکشن پلان پر عملدرآمد کی تفصیلی رپورٹس طلب کی گئی ہیں۔ ایپکس کمیٹی کے فیصلوں کے بعد چار ستمبر تک کارکردگی رپورٹس جمع کرانے کی ہدایت اس بات کا اشارہ ہے کہ ریاستی سطح پر سلامتی کے معاملات کو دوبارہ سنجیدگی سے دیکھا جا رہا ہے۔ یہ پیش رفت اس امر کی علامت ہے کہ حکومت داخلی امن کے قیام، انتہا پسندی کے تدارک اور قومی بیانیے کی تشکیل کے عمل کو فعال بنانا چاہتی ہے۔ نیشنل ایکشن پلان 2014 میں سانحہ آرمی پبلک سکول کے بعد تشکیل دیا گیا تھا۔ اس کا بنیادی مقصد دہشت گردی کے خلاف ایک جامع قومی حکمت عملی وضع کرنا تھی تاکہ ریاستی ادارے، صوبائی حکومتیں اور سیکیورٹی ادارے مشترکہ طور پر دہشت گردی کے اسباب اور مظاہر کا سدباب کر سکیں۔ اس منصوبے میں مدارس کی اصلاحات، کالعدم تنظیموں کی نگرانی، نفرت انگیز تقاریر کی روک تھام، انتہا پسندانہ بیانیے کا توڑ اور پسماندہ علاقوں کی ترقی جیسے اہم نکات شامل تھے۔ مگر وقت گزرنے کے ساتھ اس منصوبے کے کئی نکات عملدرآمد کے فقدان، ادارہ جاتی کمزوریوں اور سیاسی عدم تسلسل کا شکار ہو گئے۔ اب جب کہ وفاق نے تمام سٹیک ہولڈرز سے اپ ڈیٹڈ پیش رفت طلب کی ہے اور وزارت پلاننگ کو سوشیو پولیٹیکل ڈومین کی نگرانی کا مرکزی کردار دیا گیا ہے تو یہ امید پیدا ہوئی ہے کہ نیشنل ایکشن پلان کو محض ایک کاغذی پالیسی کے بجائے فعال حکمت عملی میں تبدیل کیا جا سکے گا۔ خاص طور پر بیانیہ سازی اور ہم آہنگی کے حوالے سے خصوصی ٹاسک دینا اس حقیقت کا اعتراف ہے کہ دہشت گردی صرف عسکری مسئلہ نہیں بلکہ ایک نظریاتی اور سماجی چیلنج بھی ہے۔

پاکستان میں دہشت گردی کی نئی لہر یہ ثابت کر چکی ہے کہ صرف فوجی کارروائیاں دیرپا امن کی ضمانت نہیں بن سکتیں۔ دہشت گرد تنظیمیں اس وقت پنپتی ہیں جب معاشرے میں احساس محرومی، فکری انتشار، سیاسی عدم استحکام اور معاشی ناانصافی موجود ہو۔ یہی وجہ ہے کہ نیشنل ایکشن پلان میں پسماندہ علاقوں میں وسائل کی منصفانہ تقسیم اور ترقیاتی منصوبوں کی نگرانی کو بھی شامل کیا گیا۔ اگر بلوچستان، خیبر پختونخوا اور قبائلی اضلاع جیسے خطوں میں ریاستی رٹ کے ساتھ ترقی اور انصاف کے ثمرات نہ پہنچیں تو شدت پسند عناصر نوجوانوں کو آسانی سے اپنے بیانیے کا شکار بنا سکتے ہیں۔

اسی طرح مدارس کی رجسٹریشن اور مسجد و مدرسہ اصلاحات بھی نیشنل ایکشن پلان کا اہم ستون ہیں۔ مدارس پاکستان کے تعلیمی نظام کا ایک اہم حصہ ہیں، مگر ان کی شفاف رجسٹریشن، نصاب کی نگرانی اور مالیاتی نظم و ضبط ضروری ہے تاکہ مذہبی تعلیم کو انتہا پسندی کے فروغ کے لیے استعمال نہ کیا جا سکے۔ یہ امر خوش آئند ہے کہ حکومت نے اس پہلو پر تازہ صورتحال طلب کی ہے۔ اگر اس معاملے میں سنجیدگی سے پیش رفت ہو تو مذہبی ہم آہنگی کو فروغ دیا جا سکتا ہے۔

کالعدم تنظیموں کی سرگرمیوں کی نگرانی اور نفرت انگیز بیانیے کے تدارک سے متعلق پولیس وائز رپورٹ طلب کرنا اس جانب اہم قدم ہے کہ ریاست اب محض اعلانات پر اکتفا نہیں کرنا چاہتی بلکہ نتائج دیکھنا چاہتی ہے۔ پاکستان میں کئی بار ایسا ہوا کہ کالعدم قرار دی گئی تنظیمیں نئے ناموں سے متحرک رہیں۔ اگر ان کے مالیاتی ذرائع، تنظیمی ڈھانچے اور سوشل میڈیا سرگرمیوں کی مؤثر نگرانی نہ کی جائے تو دہشت گردی کے خلاف کوششیں ادھوری رہتی ہیں۔

تاہم اصل سوال صرف رپورٹ طلب کرنے کا نہیں بلکہ رپورٹس کی بنیاد پر مؤثر احتساب اور عملدرآمد کا ہے۔ اگر تاخیر یا ناقص رپورٹنگ پر ذمہ داران کے خلاف کارروائی کی جاتی ہے تو یہ نیشنل ایکشن پلان کے نفاذ کو سنجیدہ بنانے میں مدد دے گا۔ پاکستان میں پالیسیوں کی ناکامی کی ایک بڑی وجہ یہی رہی ہے کہ اہداف مقرر کیے جاتے ہیں مگر ان پر عملدرآمد نہ ہونے کے باوجود کوئی جوابدہی نہیں ہوتی۔ ایپکس کمیٹی اگر اس بار اداروں کی کارکردگی کو جانچ کر جوابدہی کا عمل یقینی بناتی ہے تو نیشنل ایکشن پلان حقیقی معنوں میں مؤثر ثابت ہو سکتا ہے۔

دہشت گردی کے خلاف جنگ صرف سیکیورٹی فورسز کی ذمہ داری نہیں بلکہ پورے معاشرے کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ حکومت، سیاسی قیادت، مذہبی رہنما، میڈیا، تعلیمی ادارے اور سول سوسائٹی سب کو ایک مشترکہ قومی بیانیہ اپنانا ہوگا۔ نیشنل ایکشن پلان اسی مشترکہ حکمت عملی کا نام ہے۔ اگر اسے سیاسی اختلافات سے بالاتر ہو کر نافذ کیا جائے تو پاکستان نہ صرف دہشت گردی کے خطرے پر قابو پا سکتا ہے بلکہ سماجی امن اور قومی استحکام کی بنیاد بھی مضبوط بنا سکتا ہے۔

پاکستان کو محض سیکیورٹی اقدامات نہیں بلکہ ریاستی سنجیدگی، ادارہ جاتی ہم آہنگی اور مسلسل عملدرآمد کی ضرورت ہے۔ نیشنل ایکشن پلان ایک ایسا فریم ورک فراہم کرتا ہے جو دہشت گردی کے عسکری، نظریاتی اور سماجی پہلوؤں کا احاطہ کرتا ہے۔ وفاقی حکومت کی جانب سے تازہ رپورٹنگ کا مطالبہ اسی سمت ایک مثبت قدم ہے۔ اب ضرورت اس امر کی ہے کہ یہ عمل رسمی کارروائی تک محدود نہ رہے بلکہ عملی اقدامات، شفاف نگرانی اور جوابدہی کے ذریعے ملک میں دیرپا امن کی بنیاد رکھی جائے۔ موجودہ حالات میں نیشنل ایکشن پلان محض ایک پالیسی دستاویز نہیں بلکہ قومی بقا اور سماجی امن کی ناگزیر ضمانت ہے۔ اگر اس پر پوری دیانت، تسلسل اور قومی اتفاق رائے کے ساتھ عمل کیا جائے تو سماج میں شدت پسندی اور قوم کو تقسیم کرنے والے رویوں کا خاتمہ دشوار نہیں ہوگا۔


CamScanner

# کوئٹہ میں زیر زمین پانی کی کمی!

صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں زیرزمین پانی خطرناک حد تک تیزی سے ختم ہونے سے متعلق امور پر غور کرنے کے حوالے سے آبی ماہرین نے ایک ورکشاپ کا انعقاد کیا۔جس میں انہوں نے خطاب کرتے ہوئے خدشہ کا اظہار کیا کہ آئندہ پانچ سے دس سال کے دوران وادی کوئٹہ کے متعدد کنویں مکمل طور پر خشک ہوسکتے ہیں۔یہ تشویشناک انکشاف منعقدہ ورکشاپ میں سامنے آیا جس میں زیرزمین پانی کے ذخائر کی بحالی کیلئے تفصیلی حکمت عملی مرتب کی گئی۔ ماہرین نے اپنے خطاب میں بتایا کہ کوئٹہ میں زیرزمین پانی خطرناک حد تک تیزی سے ختم ہورہا ہے۔اس موقع پر آئی ڈبلیوایم آئی پاکستان کے نمائندے ڈاکٹر محمد اشرف نے کہا کہ بارش کے پانی کو محفوظ کرنا سطحی اور زیرزمین ذخائر دونوں کے لیے نہایت اہم ہے مقامی سطح سے لے کر کیچمنٹ ایریاز تک بارش کے پانی کو محفوظ بنانے کے اقدامات نہ صرف شہری سیلاب کو کم کرسکتے ہیں بلکہ زیرزمین پانی کی بحالی میں کلیدی کردارادا کرسکتے ہیں انہوں نے زیرزمین پانی کی ری چارج زونز کی نشاندہی کو اہم قرار دیتے ہوئے حکومت بلوچستان پر زور دیا کہ روایتی کاریز نظام کی بحالی کو ترجیح دی جائے اور قدرتی ری چارج علاقوں کو قبضے اور تباہی سے محفوظ رکھا جائے۔ایف اے او بلوچستان کے سربراہ ولید مہدی نے کہا کہ مینیجڈ ایکویفر ری چارج کے حوالے سے سٹیک ہولڈرز اور ترقیاتی شراکت داروں میں آگاہی بڑھانا ناگزیر ہے۔مربوط ادارہ جاتی کوششیں پانی کے تیزی سے کم ہوتے ذخائر کو بچانے میں مددگار ثابت ہوسکتی ہیں۔دیگر ماہرین نے زیرزمین پانی کی سطح ،معیار اور استعمال کی نگرانی کے لیے ڈیجیٹل نظام کو مضبوط بنانے پر زور دیا۔

ہم سمجھتے ہیں کہ کوئٹہ میں زیرزمین پانی خطرناک حد تک تیزی سے ختم ہونا بلاشبہ بڑی تشویش کی بات ہے۔اس سلسلے میں اس پر غور کرنے کے لیے منعقد ہونے والی مذکورہ ورکشاپ قابل تعریف اقدام ہے جس میں مقررین نے اس ضمن میں اپنی قیمتی تجاویز پیش کی ہیں اور ان پر عمل درآمد کرنے کی بھی بات کی گئی جو کہ اچھی بات ہے کیونکہ زیرزمین پانی کا خطرناک حد تک کم ہونا اور اس کے نتیجے میں آئندہ پانچ سے دس سال تک کے دوران وادی کوئٹہ کے متعدد کنوؤں کا مکمل طور پر خشک ہونے کا خدشہ تشویشناک ہے۔اس لیے اس کے ازالے کے لیے اقدامات کرنا انتہائی ناگزیر ہیں۔اس سلسلے میں متعلقہ اداروں کو اپنی ذمہ داریوں کا احساس کرتے ہوئے ان کو احسن طریقے سے نبھانا چاہیئے۔زیرزمین پانی کی روز بروز کمی سے متعلق اس سے قبل بھی تجاویز کا ذکر ان ہی سطور میں کیا گیا ہے جس میں سب سے بڑا اقدام ڈیمز کا بنانا ہے کیونکہ ہمارے ہاں ڈیمز کے نہ ہونے کے باعث بارش کا بہت زیادہ پانی ضائع ہوجاتا ہے اگر اس پانی کو ذخیرہ کیا جائے تو یہ زراعت کے لیے استعمال میں لایا جاسکتا ہے کیونکہ اب زراعت کے لیے بھی زیرزمین پانی استعمال کیا جاتا ہے اس طرح پانی کی تقسیم کے نظام کو مستحکم بنانا بھی زیرزمین پانی کی مقدار میں اضافہ کرسکتا ہے۔اس مقصد کے لیے پانی کے بے جا استعمال کو بھی روکنا چاہیئے۔

CamScanner


یکم مئی
محنت کشوں کا عالمی دن
مزدوروں کی فلاح
ہماری اولین ترجیح
وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں
حکومت بلوچستان
مزدوروں کے حقوق کے تحفظ اور فلاح و بہبود کیلئے
ہر پل مصروف عمل
ہے
اپنی محنت سے مٹی کی تقدیر بدلنے والے،
ملکی ترقی میں شامل تمام محنت کشوں کی عظمت کو سلام!
محکمہ تعلقات عامہ | حکومت بلوچستان
www.dpr.gob.pk